کے ذرہ ذرہ کو منور کر دیا تھا ——!

"قدم قدم روشنی" ایک ایسے مرد مجاہد کی کاوش ہے جس کی آنکھیں گو بینائی سے محروم ہیں لیکن اس کا سینہ نورِ ایمانی سے منور ہے اور دل امتِ محمدیہ (علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام) کے درد سے لبریز!— اور جو یہ یقین کامل رکھتا ہے کہ ہمارا ہر قدم اگر سیرتِ طیبہ کی روشنی میں اٹھے تو منزل خود بخود ہمارے استقبال کو آئے گی —— "قدم قدم روشنی" اسی آفتابِ جہانتاب کی سیرتِ مقدسہ کی ایک حسین تصویر ہے جس کی کرنوں سے کفر کے ایوان بھی جگمگا اٹھے تھے۔ (کتاب پر قیمت درج نہیں)

"پاکستان کا قانونِ جہیز"

ضخامت ۸۰ صفحات

مئی ۱۹۷۶ء میں قومی اسمبلی میں پاس ہونے والے جہیز بل سے متعلقہ یہ کتابچہ وزارتِ مذہبی امور حکومتِ پاکستان نے شائع کیا ہے جو جہیز بل کے پس منظر، جہیز ایکٹ (اردو متن)، قواعد جہیز، جہیز ایکٹ کی چند دفعات کی تشریح، ملکی اخبارات کے ردِ عمل اور اس سلسلہ میں ملک کی چند شخصیات کے تاثرات پر مشتمل ہے۔

خوبصورت ٹائیٹل، کتابت طباعت نہایت عمدہ۔

نام کتاب . . . اخلاقِ مرزا و اعمالِ مرزا

ضخامت . . . ۲۶۸ صفحات

مؤلف . . . مولانا حافظ نور محمد خان صاحب مبلغ و مناظر مظاہر علوم سہارنپور

شائع کردہ . . . محمد مسلم بن برکت اللہ، ٹھٹھا کی کمپاؤنڈ، بندر روڈ۔ کراچی

اندرونی دشمن بیرونی دشمنوں کی نسبت زیادہ خطرناک ثابت ہوتے ہیں۔ اور یہ امر کسی سے مخفی نہیں کہ قادیانی امت، مسلمانوں کی کسی طور بھی ہمدرد اور بہی خواہ نہیں لہٰذا ان کے عزائم اور اصلیت سے آگاہ ہونا ہر مسلمان کیلئے ضروری ہے۔

محمد مسلم بن برکت اللہ صاحب، اللہ انہیں جزائے خیر دے، اس سلسلہ میں کافی لٹریچر شائع کر کے مفت تقسیم کر چکے ہیں۔ یہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔

"اخلاقِ مرزا و اعمالِ مرزا" میں، جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، قادیانی امت کے آنجہانی مرزا